PRIME FOUNDATION PAKISTAN

" A Company Set up Under Section 42 Of the Companies, 1984"

عزیز طلبا و طالبات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

درخت لگانا ہماری دینی اور قومی ذمہ داری ہے۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ نے فرمایا:

حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ قَامَتِ السَّاعَةُ وَبِيَدِ أَحَدِكُمْ فَسِيلَةٌ، فَإِنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا يَقُومَ حَتَّى يَغْرِسَهَا فَلْيَفْعَلْ.

ترجمہ: حضرت انس بن مالکؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: 'اگر قیامت اس حال میں قائم ہو جائے کہ تم میں سے کسی کے ہاتھ میں کھجور کا چھوٹا سا پودا ہو اور وہ اسے قیامِ قیامت سے پہلے زمین میں لگا سکتا ہو تو اسے ضرور ایسا کر لینا چاہیے۔ (مسند احمد بن حنبل بتحقیق الاستاذ شعیب الارناؤوطؒ: مسند انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حدیث نمبر: 12981، طبع مؤسسۃ الرسالۃ، 2001ء، اسنادہٗ صحیح علیٰ شرطِ مسلم،)

موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلیوں نے درخت لگانے کی اہمیت کو مزید بڑھا دیا ہے۔ پرائم فاونڈیشن نے یہ طے کیا ہے۔ کہ ۹ اگست سے ۱۳ اگست تک فاونڈیشن کے تمام اداروں میں "ہفتہ شجرکاری" منایا جائے گا۔ اساتذہ، طلبا اور سٹاف ملکر درخت لگانے کا فریضہ انجام دیں گے۔ اس مہم میں مندرجہ ذیل سرگرمیاں شامل ہوں گی:

- اس مہم میں پرائم فاونڈیشن کے تمام ادارے شرکت کریں گے۔ اس کام کیلیے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جس میں رضاکار طلباء باغبانی کے ماہرین کی نگرانی میں شجرکاری کے ذریعے اپنے ماحول کو مزید خوبصورت اور صحتمند بنائیں گے۔ جو طلباء اس کارخیر میں شامل ہونا چاہتے ہیں وہ ڈاکٹر عائشہ عبداللہ سے 7 آگت تک رابطہ کریں۔
- طلباء کو شجرکاری کو فروغ دینے کے لیے ایسے پوسٹر ڈیزائن کرنے کی دعوت دی جاتی ہے جو احادیث اور قرآنی آیات پر مبنی ہوں۔ یہ پوسٹر کالج کیمپس، ہسپتالوں اور ہماری ویب سائٹ پر آویزاں کیے جائیں گے۔ بہترین پوسٹر کو ایوارڈ دیا جائے گا۔ جو طلباء اس مقابلے میں شرکت کرنا چاہتے ہیں وہ محمد عاصم قریشی (ڈی۔ایم۔ای) سے 7 آگت تک رابطہ کریں۔

Add: Flat # 12, 2nd Floor Shalimar Center, F8 Markaz Islamabad.
Ph: 051-2261943 Email: info@prime.edu.pk
Website: www.prime.edu.pk

- یوم آزادی کے موقع پر تمام طلبا، اساتذہ اور سٹاف ممبران اپنے اپنے گھروں میں کم سے کم ایک پودا اپنے ہاتھوں سے لگا کر اس خوشگوار مہم میں اپنا حصہ ڈالیں۔

- طلبا و طالبات اپنے گھروں میں کی جانے والی کاوش کو تصویر یا مختصر وڈیو کی صورت میں عارف خان کو ٹیلیفون نمبر۔ 0300-9345311 پر اپنے نام کے ساتھ 20 اگست تک ارسال کریں تاکہ ان کو ایک مقابلے میں بھی شریک کیا جا سکے۔ منتخب کردہ تصاویر اور ویڈیوز کو کالج ویب سائٹ اور فیس بک پر جگہ دی جائے گی اور بعد میں ایک تقریب میں انعامات بھی دیئے جائیں گے۔

آیئے اپنے نبی ﷺ کی سنت کو مزید آگے بڑھائیں اور اپنے ماحول کو صحت مند اور خوبصورت بنائیں۔

پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن
ڈین ہیلتھ سائنسز

مورخہ: 5 اگست 2021

Add: Flat # 12, 2nd Floor Shalimar Center, F8 Markaz Islamabad.
Ph: 051-2261943 Email: info@prime.edu.pk
Website: www.prime.edu.pk